کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت سردار کوہیار خان ڈومکی سے ان کے دفتر سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں کارکنان، بزرگ عمائدین، حلقے کے عوام اور نوجوانوں نے ملاقات کی۔ وفود نے صوبائی وزیر کو اپنے اپنے علاقوں کے مسائل، ترقیاتی ضروریات، روزگار کے مواقع اور بلدیاتی نوعیت کے معاملات سے آگاہ کیا۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے وفود سے تفصیلی گفتگو کی اور فرداً فرداً ایک سے ملاقات کرتے ہوئے ان کے مسائل بغور سنے صوبائی وزیر نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، پارٹی کے کارکنان اور عوام میری طاقت ہیں، ان کے مسائل کو حل کرنا میری اولین ترجیح

بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

ہے صنعت و تجارت کے فروغ اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں منصوبے جاری ہیں جن کے ثمرات جلد عوام تک پہنچیں گے۔ انہوں نے کارکنان اور نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ عوامی فلاح اور ترقی کے سفر میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور پارٹی کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔

## گرین بس سروس کا دائرہ مزید وسیع ہونے سے عوام کو ریلیف ملے گا، لیاقت لہڑی

21 بسیں کراچی پہنچ گئیں، 17 بسیں کوئٹہ کیلئے، 4 تربت اور 5 خواتین کیلئے مخصوص ہیں، جلد سریاب کسٹم سے کچلاک تک بسیں روڈ پر رواں دواں ہوں گی، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

**ڈیرہ بگٹی، سوئی، پشین اور خضدار کیلئے بھی 14 نئی بسوں کا ٹینڈر مکمل ہو چکا ہے، گرین بس سروس عوام کیلئے ایک بہترین تحفہ ہے، کراچی میں معائنہ کے موقع پر گفتگو**

کراچی (انتخاب نیوز) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے کہا ہے کہ گرین بس سروس کوئٹہ کے عوام کے لیے ایک بہترین تحفہ ہے جلد 17 مزید بسیں سروس کا حصہ ہونے سے شہریوں کو سفری بہترین سہولیات میسر آئیں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایڈیشنل سیکرٹری ٹرانسپورٹ قربان علی مگسی ہمراہ کراچی میں بلوچستان کیلئے 21 بسوں کے معائنہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ان بسوں سے 17 کوئٹہ کے لیے مختص ہیں، جن میں 4 بسیں تربت کے عوام کی خدمت کے لیے ہیں، جبکہ 5 پنک بسیں خواتین کی خصوصی سہولت کے لیے تیار کی گئی ہیں

بقیہ نمبر 33 صفحہ 5 پر

کراچی پورٹ پر قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد یہ بسیں بہت جلد کوئٹہ سریاب کسٹم سے کچلاک تک روڈ پر چلنے لگیں گی، جو مسافروں کی نقل و حمل کو آسان اور محفوظ بنائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مزید 14 اضافی بسوں کا ٹینڈر ہو چکا ہے جو ڈیرہ بگٹی، سوئی، پشین اور خضدار کیلئے ہیں جس سے بلوچستان بھر میں جدید ٹرانسپورٹ نیٹ ورک مضبوط ہوگا۔ یہ ماحول دوست بسیں صاف ستھری نقل و حمل کو فروغ دیں گی، خواتین اور نوجوانوں کو بااختیار بنائیں گی اور صوبے کی مجموعی خوشحالی میں اضافہ کریں گی۔

## این جی اوز بھرتیوں میں مقامی افراد کو ترجیح دیں، ولی نورزئی

**جعلی اور غیر فعال تنظیموں کے خلاف جلد کارروائی عمل میں لائی جائے گی، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ صوبے میں کام کرنے والی تمام ملکی و غیر ملکی غیر سرکاری تنظیمیں بھرتی کے عمل میں صوبے اور متعلقہ اضلاع کے مقامی افراد کو اولین ترجیح دیں، مقامی کمیونٹی کی شمولیت اور معاشی ترقی کو فروغ دیا جائے، اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کر کے عوامی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں

بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

نے اپنے دفتر میں مختلف مقامی غیر سرکاری تنظیموں (NGO's) کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سوشل ویلفیئر ایکٹ یا رضاکارانہ ایکٹ 1961 کے تحت جن غیر سرکاری اداروں کی انتظامی باڈی صرف کاغذات تک محدود ہے یا وقتی مفاد حاصل کرنے کے لیے عوام کو دھوکہ دے رہے ہیں

ان کے خلاف بہت جلد قانونی چارہ جوئی کی جائے گی جبکہ عنقریب غیر رجسٹرڈ اور غیر فعال این جی اوز کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## ماحولیاتی تبدیلی کا مقابلہ کرنے کیلئے حکمت عملی تیار کرلی، نسیم الرحمن ملاخیل

**شجرکاری، واٹر ری چارج منصوبوں اور آلودگی کے کنٹرول پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، صوبائی مشیر**

کوئٹہ (خ ن) مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان ماحولیاتی تبدیلی کے شدید خطرات سے دوچار ہے، جہاں خشک سالی، درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ، پانی کی کمی اور زمین کی زرخیزی میں کمی جیسے مسائل تیزی سے بڑھ رہے ہیں صوبائی مشیر نے بتایا کہ حکومت بلوچستان نے ماحولیاتی بحران سے نمٹنے کے لیے ایک جامع اور مرحلہ وار حکمت عملی تیار کر لی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 29 OCT 2025

Page No. 15


## حفاظتی ٹیکوں میں بہتری کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، چیف سیکرٹری

**رواں سال صوبے میں پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، گیٹس فاؤنڈیشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے گیٹس فاؤنڈیشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر برائے پولیو مائیکل گیلوے نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے میں ایکسپینڈڈ پروگرام امیونائزیشن (حفاظتی ٹیکوں) کو بہتر کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبے میں حفاظتی ٹیکوں میں بہتری کے لئے کئی اہم اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ ویکسینیشن کی کوریج کو بڑھایا جا سکے اور بچوں اور بچیوں میں ویکسینیشن کی شرح مزید بڑھا دیا جائے تاکہ بیماریوں کے خطرے کم سے کم کیا جا سکے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ رواں سال صوبے میں پولیو کا ایک کیس بھی رپورٹ نہیں ہوا ہے اور حفاظتی ٹیکوں کو پولیو مہم کا حصہ بنا رہے ہیں۔ گیٹس فاؤنڈیشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر مائیکل گیلوے صوبے بھر میں پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں مثالی قیادت کی تعریف کی اور 17 نومبر سے شروع ہونے والی خسرہ، روبیلا (ایم آر) ویکسینیشن مہم کے لیے ان کی تعاون مانگی۔ بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن محکمہ صحت کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے پاکستان میں امیونائزیشن کے توسیعی پروگرام (EPI) کی حمایت کرتی ہے۔ یہ جامع شراکت داری پاکستان کی حفاظتی ٹیکوں کی کوریج کو بڑھاتی ہے اور اس کے صحت کے نظام کو مضبوط بناتی ہے تاکہ بچوں کو جان بچانے والی ویکسین موثر اور مساوی طور پر پہنچائی جا سکے۔


MASHRIQ QUETTA


## ویکسینیشن کی شرح بڑھا کر اسے پولیو مہم کا حصہ بنائینگے، چیف سیکرٹری

**صوبے میں پولیو کا ایک کیس بھی رپورٹ نہیں ہوا، حفاظتی ٹیکوں میں بہتری کیلئے کئی اہم اقدامات اٹھا رہے ہیں، شکیل قادر خان**

**چیف سیکرٹری کی مائیکل گیلوے سے ملاقات، صوبے میں ایکسپینڈڈ پروگرام امیونائزیشن بہتر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال**

کوئٹہ (پ ر) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے گیٹس فاؤنڈیشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر برائے پولیو مائیکل گیلوے نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے میں ایکسپینڈڈ پروگرام امیونائزیشن (حفاظتی ٹیکوں) کو بہتر کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبے میں حفاظتی ٹیکوں میں بہتری کیلئے کئی اہم اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ ویکسینیشن کی کوریج کو بڑھایا جا سکے اور بچوں اور بچیوں میں ویکسینیشن کی شرح مزید بڑھا دیا جائے تاکہ بیماریوں کے خطرے کم سے کم کیا جا سکے چیف سیکرٹری نے کہا کہ .........


بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر


رواں سال صوبے میں پولیو کا ایک کیس بھی رپورٹ نہیں ہوا ہے اور حفاظتی ٹیکوں کو پولیو مہم کا حصہ بنائیں گے گیٹس فاؤنڈیشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر مائیکل گیلوے نے صوبے بھر میں پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں مثالی قیادت کی تعریف کی اور 17 نومبر سے شروع ہونے والی خسرہ، روبیلا (ایم آر) ویکسینیشن مہم کیلئے ان کی تعاون مانگی۔ بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن محکمہ صحت کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے پاکستان میں امیونائزیشن کے توسیعی پروگرام (EPI) کی حمایت کرتی ہے یہ جامع شراکت داری پاکستان کی حفاظتی ٹیکوں کی کوریج کو بڑھاتی ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 29 OCT 2025 Page No. 7


# گوادر میں پہلی شپمنٹ تیار، اگلے ماہ گدھے کا گوشت چین بھیجا جائے گا

پورٹ اور فری زون میں نئی انڈسٹریز سے معاشی سرگرمیوں میں اضافہ، سینکڑوں مقامی افراد کو روزگار ملے گا، چیئرمین بندرگاہ نورالحق بلوچ

**گوادر میں پہلی بار گدھے کی بریڈنگ اور فارمنگ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، سی ای او چینی، مشترکہ پریس کانفرنس**

گوادر (بیورو رپورٹ) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ اور ہینگینگ کمپنی کے سی ای او اینڈی لی باؤ نے مشترکہ پریس بریفنگ میں کہا ہے کہ گوادر پورٹ اور فری زون میں نئی انڈسٹریز کی آمد سے خطے میں معاشی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوگا، جس سے نہ صرف مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ چینی سرمایہ کاروں کا اعتماد بھی مزید بڑھے گا۔ اینڈی لی باؤ نے کہا کہ ہینگینگ کمپنی کا مقصد گوادر میں فوڈ پروسیسنگ اور ایکسپو [illegible]

بقیہ نمبر [illegible] صفحہ 5

انڈسٹری کو فعال بنانا ہے۔ ابتدائی مرحلے میں ڈونکی میٹ (گدھے کے گوشت) کی پروسیسنگ اور برآمد کا منصوبہ شروع کیا جا رہا ہے، جس سے مقامی سطح پر منسلک چھوٹی انڈسٹریز جیسے جانوروں کی خوراک، نمک کی تیاری، پیکنگ اور ٹرانسپورٹیشن کو بھی فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ملک کے دیگر حصوں میں ڈونکی فارمنگ موجود ہے تاہم بلوچستان میں اس کا کوئی انتظام نہیں تھا۔ پہلی مرتبہ گوادر میں ڈونکی بریڈنگ اور فارمنگ کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے، جس سے خوراک کے لیے گھاس اور دیگر ضروریات پوری کی جا سکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ مقامی افراد کو زیادہ سے زیادہ روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ اسی مقصد کے لیے پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ (PCTVI) قائم کیا گیا ہے تاکہ انڈسٹریز کو درکار تکنیکی ماہرین کو مقامی سطح پر تربیت فراہم کی جا سکے۔ ہمارے پاس گوادر سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان عبدالرزاق پہلے سے تربیت یافتہ افراد موجود ہیں، اور مزید ایک ہزار سے زائد نوجوانوں کو بھی ٹریننگ دی جائے گی تاکہ انہیں گوادر میں ہینگینگ کمپنی ہی میں روزگار ملے۔ چیئرمین نورالحق بلوچ نے کہا کہ گوادر پورٹ کی سرگرمیاں انڈسٹریز کے بغیر ممکن نہیں۔ ہینگینگ اور ایگرین جیسی کمپنیوں کے آغاز سے بندرگاہ کی فعالیت بڑھے گی اور ماہی گیر طبقے کو بھی براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ ماضی میں شپ کال ممکن نہیں تھی، مگر اب ہم امید کرتے ہیں کہ جلد ہی شپ کال کا سلسلہ بحال ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے سے دو بڑے فائدے ہوں گے، ایک تو چینی شراکت داروں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا، دوسرا مقامی سطح پر روزگار اور معاشی بہتری کے مواقع پیدا ہوں گے۔ چیئرمین نورالحق بلوچ کے مطابق جب نئی انڈسٹریز کام شروع کریں گی تو روایتی ہنر اور دستکاری (Handicrafts) جیسے شعبے بھی دوبارہ فعال ہوں گے، جس سے مقامی معیشت کو مزید سہارا ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام اقدامات سوشیو اکنامک ڈیولپمنٹ (سماجی و معاشی ترقی) منصوبے کا حصہ ہیں، جس کے ذریعے گوادر کو ترقی کی نئی راہوں پر گامزن کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے آخر میں کہا کہ جتنی انڈسٹری بڑھے گی، اتنا ہی گوادر کے عوام کو فائدہ ہوگا، یہی ہمارا اصل مقصد ہے۔

# حکومت نے لوٹ سیل کا نوٹس لے لیا، حب میں الاٹ سرکاری زمین منسوخ

موضع بیروٹ میں 1400 ایکڑ سے زائد بندوبست اراضی کا نوٹیفکیشن اس کے اجراء کے دن سے واپس، ریکارڈ ڈی سی کو دینے کی ہدایت

**انتخاب کو حاصل دستاویزات کے مطابق زمین دوبارہ سرکار کے نام اندراج ہوگی، بااثر شخصیات اور بروکر پریشان، موضع بیرکس میں بھی سیٹلمنٹ منسوخی متوقع**

حب (نمائندہ انتخاب) حب سرکاری اراضیات کی بندر بانٹ اور لوٹ سیل کا حکومت نے نوٹس لے لیا، سرمایہ کاری کرنے والے رل گئے، صوبائی حکومت نے حب بیروٹ میں بندوبست اراضی کے تحت الاٹ شدہ زمین منسوخ کر دی، بااثر شخصیات اور بروکرز پریشان، 1400 ایکڑ سے زائد سرکاری زمین واپس کر لی، ذرائع کے مطابق موضع بیرکس کی الاٹمنٹ کی منسوخی کے حوالے سے روزنامہ انتخاب کو دستیاب دستاویزات کے مطابق بورڈ آف ریونیو بلوچستان نے ایک حکم نامے کے تحت ضلع حب کے موضع بیروٹ میں بندوبست اراضی settlement کا نوٹیفکیشن اس کے اجراء کے دن سے واپس لے

بقیہ نمبر 76 صفحہ 5 پر

لیا ہے اسطرح 2023-2024.2025 میں بندوبست اراضی کے نام پر سرکاری قیمتی زمین جو اکثر ہائی پاس کے اردگرد موضع بیروٹ میں واقع ہے جو پرائیوٹ لوگوں کو الاٹ کی گئی تھی از خود منسوخ تصور ہوگی اور بندوبست اراضی کے افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ بیروٹ کا ریکارڈ ڈپٹی کمشنر حب کے حوالے کیا جائے تاکہ یہ زمین دوبارہ سرکار کے نام اندراج ہو سکے، ذرائع کے مطابق عوامی شکایات پر موضع بیرکس کی settlement منسوخ کیے جانے کا بھی قوی امکان ہے۔ "انتخاب" کو متاثرہ الاٹی نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا ہے کہ انہوں نے بروکرز کے توسط سے کافی سرمایہ لگایا تھا اب بروکر فون تک نہیں اٹھاتے اور سرمایہ ڈوبنے کا رونا روتے دیکھا گیا۔ دستیاب دستاویزات کے مطابق ایسے لوگوں کو

بیروٹ میں سرکاری زمین دی گئی بندوبست اراضی کے نام پر جو اس کے حقدار نہیں تھے اور نہ ہی بنیادی طور پر لسبیلہ حب سے ان کا تعلق رہا ہے چند کھتونی کھاتہ نمبر کی تفصیل اسطرح ہے کہ جن کو سرکاری زمین الاٹ کی گئی اور اب وہ منسوخ ہو چکی ہے۔

# بلوچستان بار کونسل، عدالتی حکم انتخابی عمل متاثر کر سکتا ہے، ہائیکورٹ

**درخواستیں ایڈووکیٹ جنرل کو بھیجی جائیں، فریقین کو سن کر فیصلہ کیا جائے، عدالت**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس گل حسن ترین پر مشتمل ڈویژن بینچ نے بلوچستان بار کونسل انتخابات سے متعلق دو آئینی درخواستوں پر فیصلہ سناتے ہوئے دونوں درخواستیں ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان، بطور چیئرمین بلوچستان بار کونسل کے سپرد کر دیں۔ درخواست گزاروں میں منظور احمد شاہ ایڈووکیٹ، عالمگیر خان ایڈووکیٹ، نواب

بقیہ نمبر 66 صفحہ 5 پر

سلیم ایڈووکیٹ اور ملک ستار خان کاکڑ ایڈووکیٹ شامل تھے جنہوں نے بار کونسل انتخابات میں شفافیت، امیدواروں کی فیس، فنڈز کے استعمال اور قانونی ترامیم کے حوالے سے مختلف اعتراضات اٹھائے تھے۔ عدالت نے قرار دیا کہ اس مرحلے پر کوئی عدالتی حکم نامہ جاری کرنے سے انتخابی عمل متاثر ہو سکتا ہے، لہٰذا مناسب سمجھا گیا کہ دونوں درخواستوں کو ریٹرننگ آفیسر و ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان کو بھیجا جائے تاکہ وہ تمام فریقین کو سن کر قانون کے مطابق فیصلہ کریں اور شفاف انتخابات کو یقینی بنائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 29 OCT 2025

Page No. 19


## ٹرانسپورٹرز کے مسائل باہمی مشاورت سے حل کرینگے، مولانا ہدایت الرحمان

ایم پی اے کی پک اپ یونین کے وفد کے ہمراہ اے سی گوادر سے ملاقات، ٹرانسپورٹروں کے خدشات سے آگاہ کیا

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی زیر صدارت پانی کی فراہمی کے حوالے سے اجلاس، واٹر ڈیسلینیشن پلانٹ کا بھی دورہ و معائنہ

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان نے پک اپ یونین کے وفد کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر گوادر سعد کلیم ظفر سے ان کے آفس گوادر میں ملاقات کی ملاقات میں پک اپ یونین کے وفد نے خدشات کا اظہار کیا مقامی گاڑی والوں کو یکسر نظرانداز کیا جا رہا ہے جبکہ غیر مقامی زمباد وغیرہ کی موجودگی میں مقامی گاڑی مالکان شدید معاشی بحران کا شکار ہیں اس لئے مقامی گاڑی مالکان کی بہتری کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں اسسٹنٹ کمشنر گوادر نے اس موقع کہا کہ ٹرانسپورٹروں کے تمام مسائل ایم پی اے ........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کے تعاون ومشاورت سے حل کریں گے ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان کے خصوصی فنڈ سے RMC ہسپتال اور ماڑہ کو 30 سولر پلیٹس فراہم کی گئیں اس منصوبے کا مقصد ہسپتال میں بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی اور مریضوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے سولر پلیٹس کی تنصیب اور فنی کام ڈاکٹر علی اکبر نے اپنی نگرانی میں مکمل کیا اس موقع پر حق دو تحریک کے رہنما کہدہ مراد حاصل، مقبول بابو اور زاہد حسین بھی RMC اسپتال اور ماڑہ میں موجود تھے۔ رہنماؤں نے اس موقع پر کہا کہ مولانا ہدایت الرحمان کی جانب سے فراہم یہ سولر پلیٹس ہسپتال کیلئے ایک قیمتی تحفہ جو بجلی کی بندش کے دوران بھی ضروری طبی سہولیات فعال رکھیں گے آر ایم سی کے اسٹاف نے بھی اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ شمسی توانائی کے ذریعے ہسپتال کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی اور مریضوں کو زیادہ آرام دہ ماحول میسر ہوگا اس سے قبل مولانا ہدایت الرحمان نے گوادر میں پانی بحران سے نمٹنے کیلئے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کیا اور گوادر پورٹ پلانٹ کا بھی وزٹ کیا گوادر میں آبی بحران سے نمٹنے سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس گوادر پورٹ اتھارٹی میں منعقد ہوا جس میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمان، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمان، چیف انجینئر سید بلوچ اور ایکسین پی ایچ ای موسیٰ بلوچ بھی موجود تھے اجلاس میں شادی کور پائپ لائن کی مینٹیننس و حفاظت، ٹینکرز کے ذریعے پانی کی شفاف و منصفانہ تقسیم، گوادر میں پانی بحران کے مستقل حل اور پسنی میں آبی بحران کے روک تھام سے متعلق بات چیت کی گئی بعدازاں گوادر پورٹ واٹر ڈیسلینیشن پلانٹ کا بھی دورہ کیا گیا اور پانی سپلائی کا معائنہ کیا گیا۔

INTEKHAB QUETTA

## مہاجرین کے ساتھ انتظامیہ کا منفی رویہ افسوسناک ہے، پشتونخوامیپ

خان شہید کی برسی پر دو دسمبر کو کوئٹہ میں جلسہ عام کا اعلان خوش آئند ہے، سید شراف آغا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ہوا۔ اجلاس میں برصغیر کی آزادی کے رہنما خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 52 ویں برسی کے موقع پر کوئٹہ میں مرکزی جلسہ عام کے اعلان کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے پارٹی کے تمام بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

کارکنوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ دن رات محنت، گھر گھر عوامی رابطہ مہم کے ذریعے جلسہ عام کی کامیابی کے لیے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ اسی طرح اپنے گھروں پر پارٹی جھنڈے لگانے اور وال چاکنگ کو لازمی قرار دیا گیا۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کے چاروں تحصیلوں میں علاقائی کانفرنس کے شیڈول کا جائزہ لیا گیا اور ضلع ایگزیکٹیوز کو ہدایت کی گئی کہ وہ کانفرنسز کے جمہوری انداز میں بروقت انعقاد میں اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرے۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی ایگزیکٹیوز کے اراکین سنان خان بڑیچ، صورت خان کاکڑ، حیات خان میرزئی، حضرت عمر ایڈووکیٹ، گل خلجی، اقبال بڑیزئی، حنیفہ ترین، سندھ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری آزاد خان خلجی نے شرکت کی مقررین نے کہا کہ افغان مہاجرین اور پشتون عوام کے ساتھ انتظامیہ کا جاری طرزعمل قابل افسوس ہے۔ پولیس وایگل سکواڈ کی جانب سے بچوں، نوجوانوں کو دکانوں، مارکیٹوں، گھروں سے اٹھا کر لیجانا اور دستاویزات ہونے کے باوجود انہیں تنگ و ہراساں کرنا، بیدخلی کی دھونس و دھمکیاں اور رشوت کا بازار گرم کرنے کی پارٹی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ آئی جی پولیس اس کا سختی سے نوٹس لیں اور ملوث پولیس آفیسران واہلکاروں اور بالخصوص ایگل سکواڈ کے ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرے جو نہ صرف ان ناروا اقدامات میں ملوث ہیں بلکہ ہر سڑک و ملاقے میں ناکہ لگا کر شہریوں کو لوٹنے، ان پر تشدد کرنے، کم عمر نوجوانوں کو تنگ کرنے جیسے جرائم میں ملوث ہیں۔

## نیشنل پارٹی کا مختلف اضلاع کیلئے ورکرز کنونشن کے شیڈول کا اعلان

دو نومبر کو ڈیرہ مراد جمالی میں کنونشن اور 12 نومبر کو ڈاکٹر یاسین بلوچ کی برسی پر تربت میں جلسہ ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکریٹری ایڈووکیٹ چنگیز حئی بلوچ کے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ نیشنل پارٹی کی مرکزی کمیٹی و نیشنل ورکنگ کمیٹی کے فیصلوں کے مطابق دو نومبر کو بی نصیر آباد ڈویژن کا ورکرز کنونشن ڈیرہ مراد جمالی کے مقام پر منعقد ہوگا کنونشن بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

میں کچھی، ڈھاڈر، بی، بختیار آباد، بھاگ، نصیر آباد، جعفر آباد اور صحبت پور کے کارکنان و مقامی قیادت و متعلقہ اضلاع سے تعلق رکھنے والے اراکین ورکنگ کمیٹی، صوبائی کابینہ، اراکین مرکزی کمیٹی و مرکزی کابینہ شرکت کرینگے، 8 نومبر مستونگ اور قلات کے مقام پر ورکرز کانفرنسز ہونگے جبکہ 9 نومبر کو خضدار میں پارٹی کے ضلع کونسل کا اجلاس ہوگا 10 نومبر کو پنجگور میں ورکرز کانفرنس ہوگی 11 نومبر کو تربت میں ورکرز کانفرنس جبکہ 12 نومبر کو ڈاکٹر یاسین بلوچ کی برسی کے موقع پر جلسہ منعقد ہوگا 14 نومبر کو گوادر، 16 نومبر کو حب چوکی میں حب بیلہ آواران کا ورکرز کنونشن ہوگا جس میں حب، وندر، اوتھل، بیلہ اور آواران کے ورکرز سمیت اراکین صوبائی ورکنگ کمیٹی و صوبائی کابینہ، اراکین مرکزی کمیٹی و مرکزی کابینہ شرکت کرینگے۔ ان اجلاسوں سے پارٹی کے اعلیٰ سطح کی مرکزی اور صوبائی قیادت خطاب کرینگے تمام اضلاع شیڈول کے مطابق تیاری کریں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 29 OCT 2025 Page No. 20

## دشت میں موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کرنیوالا ایک ڈاکو پولیس کی فائرنگ سے ہلاک

**ساتھی زخمی ہوگیا، لاش اور زخمی کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال مستونگ منتقل کر دیا گیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) دشت میں پولیس اہلکار نے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کرنیوالے ایک ڈاکو کو فائرنگ کرکے ہلاک دوسرے کو زخمی کردیا۔ پولیس کے مطابق دشت کا رہائشی ایگل اسکواڈ کا اہلکار گزشتہ روز ڈیوٹی کے لیے مستونگ شہر جارہا تھا۔ دشت کمبیلا کے قریب دو مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر اس سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی۔ اہلکار نے حاضر دماغی اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ایک ڈاکو محمد یوسف موقع پر ہلاک جبکہ دوسرا ساتھی محمد حسن زخمی ہوگیا۔ دونوں ملزمان کا تعلق کوئٹہ کے علاقے سریاب کسٹم سے بتایا جاتا ہے۔ اطلاع ملنے پر لیویز نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمی ڈاکو کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال مستونگ منتقل کیا۔

## ڈھاڈر، پولیس تھانے پر دستی بم حملہ ایک اہلکار شہید

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچھی کے علاقے ڈھاڈر میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا پولیس تھانہ پر دستی بم کا حملہ، چھت گرنے سے ایک اہلکار شہید ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ڈھاڈر پولیس اسٹیشن کی چھت پر سیکورٹی اہلکار گزشتہ شب ڈیوٹی انجام دے رہا تھا کہ اسی دوران نامعلوم موٹر سائیکل سواروں تھانہ پر دستی بم پھینک فرار ہوگئے بم تھانے کی چھت پر گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا اس کے نتیجے میں اہلکار موقع پر ہی شہید ہوگیا کمرہ کی چھت گر گئی واقع کی اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جبکہ فورسز نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا۔

INTEKHAB QUETTA

## دشت سے اغوا ہونے والے مزدور بازیاب کرائے جائیں' لواحقین

**گھروں میں فاقہ کشی تک نوبت پہنچ چکی ہے' محمد بخش ربیعہ ودیگر کی ڈیرہ مراد جمالی میں پریس کانفرنس**

نصیرآباد (نامہ نگار) مستونگ کے علاقے دشت سے گزشتہ روز اغوا ہونے والے مزدوروں کے رشتہ داروں محمد بخش ربیعہ خان، ثناء اللہ، واجد اللہ، حاجی خان، عبدالرزاق، فرحان خان اور علی احمد بلوچ کے ہمراہ پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارا تعلق غریب اور مزدور طبقے سے ہم روزانہ محنت کرکے اپنے بچوں کو پیٹ پالتے ہیں گزشتہ گزشتہ دشت میں مزدور علی نواز اور نذیر احمد پسران محمد جھلل ابڑو ساکنان جیکب آباد، عطاء اللہ ولد امام بخش بلوچ، محمد یاسین ولد محمد حسن بلوچ، غلام حیدر ولد علی حسن بلوچ اور نصیب اللہ ولد امان اللہ کو مسلح افراد نے اغوا کرلیا اس حوالے سے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

تاحال کوئی پیش رفت نہیں ہوئی جس کے باعث اہل خانہ شدید اذیت کا شکار ہیں اور ان کے گھروں میں نوبت فاقہ کشی تک پہنچ چکی ہے اس حوالے سے کسی نمائندے نے بھی ہماری داد رسی نہیں کی انہوں نے وزیراعلی، سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس، ڈپٹی کمشنر مستونگ اور قبائلی عمائدین سے مطالبہ کیا کہ مغوی مزدوروں کی بازیابی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

## کوئٹہ' خاتون ٹیچر کے قتل میں ملوث مرکزی ملزم زخمی حالت میں گرفتار

**اویس کی کلی برات میں موجودگی پر پولیس کا چھاپہ' ساتھی فرار' واقعہ کا ایک ملزم جہانزیب پہلے ہی گرفتار ہے**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سیریس کرائمز انویسٹی گیشن ونگ نے کارروائی کرتے ہوئے خاتون ٹیچر مریم شاہوانی کے قتل میں ملوث مرکزی ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم اویس 17 سالہ سکول ٹیچر کے قتل کیس میں مطلوب تھا۔ مریم شاہوانی کو 16 اکتوبر کو منوجان روڈ پر دو موٹر سائیکل سواروں نے گھر کے قریب فائرنگ کرکے قتل کیا تھا۔ تھانہ صدر میں مقدمہ

بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

درج ہونے کے بعد کیس مزید تفتیش کے لئے سیریس کرائمز انویسٹی گیشن ونگ کو منتقل کیا گیا تھا، ایس سی آئی ڈبلیو کے سربراہ ایس ایس پی عمران قریشی کی ہدایت پر واقعہ کی تفتیش کے لئے خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی جس نے جدید تفتیشی طریقہ کار، ٹیکنالوجی اور سی سی ٹی وی فوٹیجز کی مدد سے ملزمان کی شناخت کرلی، پولیس کے مطابق تفتیش کے دوران پہلے مرحلے میں مرکزی ملزم محمد جہانزیب کو گرفتار کیا گیا تھا جبکہ مرکزی مفرور ملزم اویس کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے تھے، گزشتہ رات کلی برات میں ملزم اویس کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس نے چھاپہ مارا جس کے دوران ملزم اور اس کے ایک ساتھی نے فائرنگ شروع کردی۔ فائرنگ کے تبادلے میں اویس اپنے ہی ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہوا جبکہ اس کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس نے ملزم اویس کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے سول ہسپتال منتقل کردیا۔

MASHRIQ QUETTA

## بلیدہ میں ایف سی چوکی پر فائرنگ' اہلکار شہید' 3 زخمی' حملہ آور فرار

**سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آوروں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا**

**فورسز کی جانب سے بھرپور جوابی کارروائی، مسلح افراد تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے رات گئے تک چھاپے**

تربت (یو این اے) تربت کے علاقے بلیدہ کے مقام ریکو میں نامعلوم افراد نے ایف سی چوکی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق حملے کے نتیجے میں ایک ایف سی اہلکار شہید جبکہ تین اہلکار زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر قریبی ہسپتال........

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آوروں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔ حکام کے مطابق حملہ آور فائرنگ کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جبکہ علاقے میں سیکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔

## ڈھاڈر میں نامعلوم افراد کا لیویز تھانہ پر دستی بم سے حملہ

**تھانے کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، لیویز حکام**

ڈھاڈر (این این آئی) ڈھاڈر میں نامعلوم افراد کا لیویز تھانہ پر دستی بم سے حملہ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ لیویز کے مطابق منگل کو ڈھاڈر میں نامعلوم افراد.........

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

نے لیویز تھانہ پر دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے تھانے کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ لیویز مزید کارروائی کررہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 29 OCT 2025 Page No. 21

## "پیپلز مینارٹی کارڈ" کا اجراء، بلوچستان حکومت کا اقلیتی برادری کی ترقی، فلاح و بہبود کیلئے مثبت اقدام!

بلوچستان میں اقلیتوں کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے "پیپلز مینارٹی کارڈ" کے اجراء کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پروگرام کے مؤثر نفاذ کے لیے رواں مالی سال مینارٹی انڈومنٹ فنڈ کے لئے 50 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ آئندہ مالی سال "مینارٹی انڈومنٹ فنڈ" کے تحت پروگرام کا بجٹ ایک ارب روپے تک بڑھایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ پیپلز مینارٹی کارڈ کے ذریعے اقلیتوں کو صحت، تعلیم، روزگار اور کاروبار میں سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور ان کی بہبود حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔ پروگرام کے تحت اقلیتی برادری کے لئے معاونت کے منصوبے شروع کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مینارٹی انڈومنٹ فنڈ کے شفاف اور مؤثر استعمال کے لیے جدید ڈیجیٹل مانیٹرنگ نظام متعارف کرایا جائے گا۔ اقلیتی رہنماؤں کی مشاورت سے پروگرام کی تفصیلات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ پیپلز مینارٹی کارڈ بلوچستان میں سماجی مساوات اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کا عملی مظہر ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اقلیتوں کی ترقی و خوشحالی سے صوبے کی مجموعی سماجی ہم آہنگی مزید مستحکم ہوگی۔ "پیپلز مینارٹی کارڈ" سے متعلق مشاورتی نشست میں پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور سنجے کمار، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ بلوچستان میں اقلیتی برادری کے حقوق، ترقی، فلاح و بہبود کیلئے "پیپلز مینارٹی کارڈ" کا اجراء بہترین اقدام ہے جس سے اقلیتی برادری کو بنیادی سہولیات سمیت کاروبار کی سہولت میسر آئے گی۔ اقلیتی برادری کو درپیش مسائل سے نجات ملے گی، وہ اس کارڈ سے مستفید ہونگے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے اس وقت مختلف منصوبوں پر کام کیا جا رہا ہے جو مفاد عامہ سے جڑے ہوئے ہیں، یہ اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ بلوچستان حکومت کی ترجیح کارڈ کے اجراء کی شفافیت ہونی چاہیے، مستحق افراد کو اولین ترجیح دی جائے تاکہ حق دار کو ان کا حق سب سے پہلے ملے۔ امید ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے کی ترقی، فلاح و بہبود کے منصوبوں پر زیادہ توجہ دے گی تاکہ غریب طبقہ ان سے فائدہ اٹھائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

29 OCT 2025

Bullet No 5

Page No. 22


## بلوچستان کی ترقی پاکستان کی مجموعی خوشحالی سے جڑی ہے!

رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ بلوچستان جو قدرتی معدنیات سے مالا مال ہونے کے باوجود پسماندگی اور اس کی عوام احساس محرومی کا شکار ہے جس کی بڑی وجہ وفاق کی سطح پر اس کے مسائل کو سنجیدہ نہ لینا ہے۔ وفاق میں جب کوئی بھی حکومت برسر اقتدار آتی ہے وہ اس صوبے کو ترقی دینے اور اس کے عوام کے احساس محرومی کے خاتمے کے بڑے بلند و بالا دعوے کرتی ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ یہ دعوے صرف اخباری خبروں تک محدود رہتے ہیں ان پر بدقسمتی سے عمل درآمد نہیں کیا جاتا۔ اس طرح صوبہ پسماندگی سے نہیں نکل پا رہا اور عوام احساس محرومی کا شکار ہے جن میں بیروزگار نوجوانوں کی ایک بہت بڑی تعداد بھی شامل ہے جو تعلیم حاصل کرنے کے بعد نوکریوں کی تلاش میں ہیں لیکن ان کو نوکریاں نہیں مل پاتیں جو کہ ایک بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے۔

گزشتہ روز اسلام آباد میں منعقدہ نیشنل ورکشاپ بلوچستان سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف ایک بار پھر بلوچستان کے حوالے سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی پاکستان کی مجموعی خوشحالی سے جڑی ہے۔ گزشتہ دہائیوں میں بلوچستان کو نظر انداز کرنا خود احتسابی کا لمحہ ہے صوبے کی جغرافیائی ساخت ترقی کے سفر میں چیلنج بن گئی ہے۔ دور دراز آبادیوں تک بجلی و پانی کی فراہمی کا اہم مسئلہ ہے۔ 2018ء میں ملک سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کر دیا تھا۔ بلوچستان و دیگر علاقوں میں دہشت گردی پھر سے سر اٹھا رہی ہے۔ تمام صوبے ایک خاندان کے مانند ہیں بلوچستان کو ترقی میں برابر شریک کرنا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے بلوچستان کو بے شمار قدرتی وسائل سے نوازا ہے افسوس صوبے کی دولت اب بھی زمین کے اندر دفن ہے۔ ہم پہلے پاکستانی اور بعد میں صوبوں کے مکین ہیں۔ وہ کیا وجوہات ہیں جن کی بناء پر بدامنی پیدا ہوئی، محبت، اخوت اور یقین کیساتھ ہمیں ملکر رہنا ہوگا۔ پاکستان ایک عظیم ملک بنے گا۔ کراچی تا چمن شاہراہ کو ساڑھے 300 ارب روپے کے تخمینے سے دو رویہ بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان سے متعلق وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کا مذکورہ بیان اس حوالے سے ماضی میں دیئے گئے بیانات کا تسلسل لگتا ہے کیونکہ ایسے بیانات ہر دور میں دیئے جاتے رہے ہیں جس میں مسلم لیگ (ن) کے گزشتہ ادوار بھی شامل ہیں۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ ان بیانات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات نہیں کیے گئے جس کے باعث بلوچستان پسماندگی کی دلدل سے نہ نکل سکا۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کو اپنے مذکورہ بیان کو عملی جامہ پہنانے کے لیے متعلقہ اداروں کو احسن اقدامات کرنے کی ہدایات دینی چاہئیں کیونکہ اقدامات نہ ہونے کے باعث یہ اخباری بیانات کی حد تک ہی رہتے ہیں۔ جس کے باعث ملک کا اہم صوبہ پسماندگی سے نکل نہیں پا رہا۔ وفاق کو بلوچستان سے متعلق تمام مسائل کو حل کرنا چاہیئے اور اس طرح عوام اور خصوصاً نوجوانوں میں پائی جانے والی احساس محرومی بھی ختم کرنے کے اقدامات کرنے چاہئیں۔ وفاق میں ملازمتوں کا کوٹہ بڑھایا جائے جو کہ اس وقت انتہائی کم ہے اور ان پوسٹوں پر صوبے کے حق دار نوجوانوں کو بھرتی کیا جائے کیونکہ وہاں اکثر جعلی ڈومیسائلوں پر نوجوانوں کو بھرتی کیا جاتا ہے جنہوں نے بلوچستان کو دیکھا ہی نہیں۔ لیکن اس کے کوٹے پر سرکاری ملازمت کر رہے ہیں جو کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے۔ اسی طرح شاہراہوں خصوصاً N-25 کی تعمیر فوری طور پر مکمل کی جائے جو ایک عرصے سے زیر التواء ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 29 OCT 2025 Page No. 23

# Penetrating drought in Balochistan

The Pakistan Meteorological Department (PMD) had issued a drought alert for Sindh, Balochistan, and Punjab in the month of March this year due to below-average rainfall. However, during monsoon season heavy rain occurred in Punjab as well Sindh but most of the parts of Balochistan remained dried. Therefore, drought effects are emerging in various parts of Balochistan. Owing to lack of rain ground water is depleting fast and the rangelands are degrading multiplying miseries of farmers and cattle breeders. In Balochistan, drought is being felt in Gwadar, Kech, Lasbela, Panjgur, and Awaran, with mild conditions in Chagai, Jaffarabad, Jhal Magsi, Sibbi, Nushki, and Washuk. The below-normal rain means that the province of Balochistan experienced an increase of 2°C to 3°C in its normal mean temperatures, which has intensified drought conditions in the affected areas. As far as Balochistan is concerned the drought resurfaces after every four to five years. Balochistan is already a water scarce province which annually receives very low precipitation as compared to other provinces while its agriculture is the mainstay of the economy of the province. The drought multiplies backwardness and poverty in the province since approximately 70 per cent people are directly or indirectly associated with agriculture and livestock sectors to earn a livelihood. And when there is drought in Balochistan the situation becomes more complicated for its people who have to suffer high levels of poverty and hunger. Despite the fact that the province is water scarce, the irrigation methods are still centuries old as the farmers are still unknown about the modern and scientific use of water. The situation calls for structural reforms in the water sector. Though successive governments have talked about measures to boost water security, none has ever taken concrete policy measures to translate this rhetoric into action. The world is now using technology to reduce water usage for irrigation and exploring cost-effective localised solutions such as harvesting rainwater to help communities meet their needs in times of drought. The increasing frequency of extreme weather events caused by climate change calls for thinking local, small and smart. It is essential that the Balochistan government must pay extra ordinary focus towards agriculture and water policy. The farmers need to be given training and facilities to adopt modern and scientific based agriculture and irrigation. The government ought to take constructive steps towards agriculture and to combat the threats of drought. The authorities concerned ought to take more preventive measures to escape any possible disaster.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 29 OCT 2025 Page No. 2-4





[illegible]





[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5

Dated: 29 OCT 2025 Page No. 25


# تعلیم کا نور، ڈیرہ بگٹی کی نوید


تحریر: امام بگٹی


ہر بچے کو تعلیم دینا ضلع افسر پر فرض ہے، یہ وہ امانت ہے جو وقت کے ہاتھوں سے سونپی گئی، یہ وہ ذمہ داری ہے جو مستقبل کے خوابوں کی بنیاد ہے۔ ماضی کی تلخیاں اپنی جگہ قائم ہیں، جب ڈیرہ بگٹی کے ویرانوں میں علم کی شمع مدھم پڑ چکی تھی، جب سکولوں کی دیواریں خاموشی سے اپنی داستانِ زوال سناتی تھیں۔ لیکن اب وہ زمانہ نہیں رہا۔ آج ڈیرہ بگٹی علم کے موتیوں سے جگمگا رہا ہے۔ ملٹری کالج، ڈگری کالج، تعلیم فاؤنڈیشن، اور درجنوں نجی سکول اس سرزمین پر تعلیم کی روشنی بکھیر رہے ہیں۔ مگر اصل جوہر تو سرکاری سکولوں کو فعال رکھنے میں ہے، جہاں ہر بچے کا حق ہے کہ وہ علم کی دولت سے مالا مال ہو۔ آج دو ایسی ہستیوں کا ذکر ضروری ہے جنہوں نے اس سرزمین پر تعلیم کے دیے روشن کیے۔ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی، زہیب الحق، اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر، عبدالرزاق بگٹی۔ یہ وہ دو ستون ہیں جنہوں نے اپنی محنت، لگن اور وژن سے ضلع کے سرکاری سکولوں کو نئی زندگی عطا کی۔

زہیب الحق صاحب کا عزم ہے کہ ہر بچہ سکول کی دہلیز پر قدم رکھے، ان کا خواب ہے کہ کوئی بچہ علم کی روشنی سے محروم نہ رہے۔ دوسری جانب عبدالرزاق بگٹی صاحب کی نگاہ ہر اس استاد پر ہے جو علم کا پرچم تھامے کلاس روم میں موجود ہو۔ ان کا فوکس ہے کہ ہر ماسٹر اپنی ذمہ داری نبھائے، ہر سکول علم کا گہوارہ بنے۔ یہی وہ جادو ہے جس نے ویران پڑے سکولوں کو دوبارہ آباد کیا۔

جہاں جہاں آبادی ہے، وہاں کے سکول اب ویران نہیں۔ دیہات کے کچے پکے رستوں پر جب یہ دونوں افسران دورے کرتے ہیں، تو گویا علم کی فتح کا اعلان ہوتا ہے۔ ایگریسو دوروں نے سکولوں کو جھنجھوڑا، آر ٹی ایس ایم کی فعالیت نے نظام کو شفاف بنایا، اور متوازن مانیٹرنگ نے ہر کمزوری کو طاقت میں بدل دیا۔ درسی کتب ہر بچے کے ہاتھ میں، تدریسی سامان ہر کلاس روم کی زینت، اور میسر بجٹ کا بہترین استعمال، یہ سب اس عظیم تبدیلی کے گواہ ہیں۔ جب زہیب الحق صاحب کے وژن اور عبدالرزاق بگٹی صاحب کی عملی کاوشیں یکجا ہوئیں، تو ڈیرہ بگٹی کے سکولوں نے نئی کرنیں بکھیرنی شروع کیں۔

یہ محض سکولوں کی بحالی نہیں، یہ ایک انقلاب ہے۔ ہر بچے کی آنکھوں میں چمک، ہر استاد کے دل میں عزم، اور ہر سکول کی دیواروں میں زندگی کا احساس جاگ اٹھا ہے۔ یہ وہ منظر ہے جب بچوں کے ہاتھوں میں کتابیں، ان کے دلوں میں خواب، اور ان کے مستقبل میں امید جاگتی ہے۔ زہیب الحق صاحب اور عبدالرزاق بگٹی صاحب کی یہ کاوشیں محض فرض کی ادائیگی نہیں، بلکہ ایک قوم کی تعمیر کا عظیم کارنامہ ہیں۔ جب تک ایسی ہستیاں موجود ہیں، ڈیرہ بگٹی کا مستقبل روشن ہے۔ تعلیم کا یہ سفر جاری رہے، ہر بچہ علم کی روشنی سے منور ہو، اور یہ سرزمین ترقی کی نئی منزلیں طے کرے۔ یہ ہے وہ نوید جو ڈیرہ بگٹی کے سکولوں سے پھوٹتی ہے۔

# کنٹانی کا ساحل، مزدوروں کے خون سے جلتا بارڈر


تحریر: عبداللہ بلوچ


گوادر سے تقریباً 75 کلومیٹر مغرب کی جانب واقع ساحلی علاقہ (کنٹانی) آج کل مزدور طبقے کی مجبوریوں اور ریاستی بے حسی کی جیتی جاگتی تصویر بن چکا ہے۔ یہاں بے روزگار ہزاروں کی تعداد مزدور، بلوچستان کے تمام اضلاع کے ساتھ ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، ملتان اور سندھ کے مختلف علاقوں سے روزگار کی تلاش میں آتے ہیں۔ سمندر کے کنارے اگی اپنی خطرناک موت نظر آنے کے باوجود، آنکھوں میں خواب، اور اردگرد تیل کی بو مگر زندگی ہر لمحہ موت کے سائے میں لپٹی رہتی ہے۔ یہ مزدور ایرانی ڈیزل اور پٹرول کو کشتیوں سے اتارنے اور موٹر سائیکل کے ذریعے مقامی ڈپوؤں تک پہنچانے کا کام کرتے ہیں۔ یہ کام بظاہر روزی کا ذریعہ ہے، مگر حقیقت میں ایک مسلسل خطرہ۔ آئے دن آگ بھڑکنے کے واقعات میں کئی مزدور جھلس کر جان گنوا بیٹھتے ہیں، اور کسی سرکاری ادارے کو ان کی زندگی یا موت کی کوئی خبر نہیں ہوتی۔ ایران سے لایا گیا تیل 70 لیٹر کے نیلے پلاسٹک کے ڈرموں میں کنٹانی کے ساحل تک کشتیوں سے پہنچتا ہے۔ چار مزدوروں کی ٹیم ایک لمبی رسی کے ذریعے ان ڈرموں کو پانی سے کھینچ کر ریت پر لاتی ہیں۔ پھر یہ ڈرم ایک موٹر پر لوڈ کر کے مقامی تاجروں کے ڈپوؤں تک پہنچاتے ہیں، ایک ڈرم کی مزدوری ایک ہزار روپے اور اگر ایک گروپ روزانہ 50 ڈرم پہنچائے تو فی مزدور تقریباً دس سے بارہ ہزار روپے کما سکتا ہے۔ یہ رقم بظاہر پرکشش لگتی ہے، لیکن اس کے بدلے مزدور اپنی جان داؤ پر لگاتا ہے۔ حادثات کچھ لمحوں کی چنگاری، اور سب کچھ راکھ میں بدل جاتا ہے۔) کنٹانی (ایرانی بارڈر سے چند کلومیٹر اور چابہار پورٹ سے تقریباً سو کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ یہی قربت اسے ایک غیر رسمی تجارتی گزرگاہ بنا دیتی ہے، مگر یہ تجارت مزدوروں کے لیے قبر بن چکی ہے۔ جہاں سرمایہ دار اور چیک پوسٹوں کے اہلکار بڑی کمائی کرتے ہیں، وہیں مزدور اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ تیل کی ترسیل کا دوسرا مرحلہ ایرانی ساخت کے زمباد پک اپس کے ذریعے شروع ہوتا ہے، جو ڈیزل اور پٹرول بلوچستان کے مختلف علاقوں تک پہنچاتے ہیں۔ ان زمبادوں کے حادثات بھی ہر چیز سے ٹکرانے پر آگ میں راکھ ہو جاتے ہیں مسافر بسوں کے سیٹوں کے نیچے چھ ہزار لیٹر کا ٹینک لگا کر کراچی اور کوئٹہ تک ترسیل کی جاتی ہے۔ ان حادثات میں مسافروں کا زندہ جھلس جانا، یہ غیر قانونی کاروبار صرف خطرناک ہی نہیں بلکہ انتظامی ناکامی کی نشانی بھی ہے، جہاں نظام آنکھیں بند کر کے جرات اربوں کمائی کی تلاش بنا ہوا ہے۔

پھر آتا ہے تیسرا مرحلہ:

وہ ہے چیک پوسٹوں کا کاروبار کہا جاتا ہے۔ ان چیکنگ پوائنٹس پر بسوں میں سفر کرنے والے مسافر گھنٹوں نہیں بلکہ کئی کئی گھنٹے پھنسے رہتے ہیں۔ 22 اکتوبر 2026 کی صبح اوتھل کوسٹ گارڈ چیک پوسٹ پر ایک بیمار بچہ پانچ گھنٹے کی تاخیر کے باعث گرمی اور بیماری سے دم توڑ گیا۔ یہ صرف ایک جان نہیں گئی، بلکہ حکومتی مشینری کی بے حسی نے ایک اور انسانیت کو قتل کر دیا۔ یہ واقعہ محض ایک حادثہ نہیں یہ حکومت کی غفلت، سماجی ناانصافی، اور معاشی نابرابری کا ایک ایسا منظر ہے جو ہر چند ماہ بعد دہرایا جاتا ہے۔ ہزاروں نوجوان جو روزگار کی تلاش میں میلوں دور اپنے گھروں سے نکلتے ہیں، وہ اکثر اسی تپتی ریت اور جلتے ایندھن میں ہمیشہ کے لیے خاموش ہو جاتے ہیں۔ واقعہ کے خلاف جب لواحقین نے آر سی ڈی روڈ بند کر کے احتجاج کرتے ہیں، تو وزیر اعلیٰ بلوچستان نے نوٹس لیا اور کمشنر قلات ڈویژن کی قیادت میں انکوائری ٹیم مقرر کرتے ہیں۔ مگر یہ کہانیاں نئی نہیں، کنٹانی میں ایسے درجنوں حادثے ہو چکے ہیں جن میں سینکڑوں نوجوان اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔

مگر حقیقت وہی رہی: نہ سیفٹی، نہ نظام، نہ انصاف

کنٹانی کے ساحل پر نہ سیفٹی کا کوئی انتظام ہے، نہ آگ بجھانے کی مشین، نہ ابتدائی طبی امداد کا کوئی مرکز۔ تیل کی بو اور موٹر سائیکل کے گرم سائلنسر سے اٹھنے والی چنگاری چند لمحوں میں سب کچھ خاکستر کر دیتی ہے۔ مزدوروں کے جسم جلتے ہیں، سمندر کالے دھوئیں میں ڈوب جاتا ہے، اور سرکاری ادارے خاموش تماشائی بنے رہتے ہیں۔ بلوچستان اور وفاقی حکومت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ کنٹانی جیسے مقامات ہزاروں مزدوروں کا روزگار کے قدرتی اڈے ہیں انہیں تحفظ فراہم کیا جائے بنیادی صحت مرکز قائم کی جائے، بلکہ غربت اور ناامیدی کے مرثیے ہیں۔ جب تک ان مزدوروں کے لیے محفوظ روزگار، تربیت، اور متبادل ذریعہ معاش فراہم نہیں کیا جاتا، تب تک یہ ساحل آگ کے کنارے جلتا رہے گا، اور ہر دھواں اٹھتا ہوا آسمان سے یہی سوال کرے گا: کیا مزدور کی زندگی واقعی اتنی سستی ہے؟


CamScanner